# 08-04-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔افزائش مویشیاں اوراسپورٹس کے وزیرسری ہری نے کہاہے کہ تلنگانہ حکومت، تعلیمی شعبہ کو مستحکم بنانے کیلئے ترجیح دے رہی ہے۔

۲۔ بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے ناری شکتی وندن ادھینیم کی ستائش کرتے ہوئے سال 2029ءتک خواتین کو 33 فیصد تحفظات کو یقینی بنانے کیلئے تاریخی قدم قرار دیا۔

۳۔آر بی آئی نے 5.25 فیصد کے ساتھ سود کی شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے جبکہ مالی سال کی پہلی دو ماہی مانیٹری پالیسی کا اعلان کیا گیا ہے۔آر بی آئی کے گورنر سنجے ملہوترا نے اس بات کی توثیق کی۔

۴۔ ہندوستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مغربی ایشیاء میں امن قائم ہوگا۔

JAGTIAL

ضلع جگتیال میں کسانوں نے مٹ پلی ٹاؤن میں واقع پرانے بس اسٹیشن کے قریب قومی شاہراہ 63 پر دھرنا دیتے ہوئے مکئی کی خریداری کے مراکز فوری قائم کرنے کا مطالبہ کیا۔احتجاجیوں  نے اپنی فصلوں کیلئے مناسب قیمتیں نہ ملنے پر ناراضگی ظاہر کی اور حکومت پر زور دیا کہ بنا کسی تاخیر، سرکاری طور پر خریدی کے مراکز قائم کئے جائیں۔سڑک کو بند کئے جانے سے علاقہ میں کچھ دیر کیلئے ٹرافک میں خلل پڑا۔ بعد ازاں محکمہ زراعت کے عہدیدار مقام واقعہ پہنچے اور کسانوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے ان کے مسئلہ کی یکسوئی کا تیقن دیا۔

SRIHARI

افزائش مویشیاں اوراسپورٹس کے وزیرسری ہری نے چہارشنبہ کو ونپرتی کے دورہ کے موقع پر اِس بات پر زور دیا کہ تلنگانہ حکومت تعلیمی شعبہ کو مستحکم بنانے کیلئے ترجیح دے رہی ہے۔ایم پی ملوروی اورایم ایل اے

میگھا ریڈی کے ہمراہ وزیر نے ایم پی فنڈ 1.20 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کردہ ایس سی گرلز ہاسٹل کا افتتاح کیا۔اس کے علاوہ انہوں نے مری کنٹہ کے جی وی بی بی اسکول میں 80 لاکھ روپے لاگتی بنیادی سہولتوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔انہوں نے اِس موقع پر طلبہ سے بات چیت کرتے ہوئے زور دیا کہ اپنے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے سرکاری سہولتوں سے فائدہ حاصل کریں۔اس پروگرام میں ضلع کلکٹر آدرش سرابھی، سیاٹس کے چیرمین شیوسینا ریڈی بھی موجود تھے۔

KOMATREDDY

وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے نلگنڈہ کے علاقہ مانیم چلکا میں نوتعمیر شدہ اربن پرائمری ہیلتھ سنٹر کا افتتاح انجام دیا جسے 1.91 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔روان ہفتہ صحت تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ بنیادی سہولتوں کیلئے پرتک فاؤنڈیشن کی جانب سے 50 لاکھ روپے کی مدد دی گئی ہے جس کی وجہ سے غریبوں کی صحت اور حاملہ خواتین کو مدد فراہم کی جائے گی۔کلکٹر چندرشیکھر نے عوام پر زور دیا کہ مفت خدمات بشمول ایچ پی وی ٹیکہ اندازی سی استفادہ کریں جبکہ ایم ایل سی شنکر نائک اور میئر چیتنیا ریڈی نے سرکاری دواخانہ کی خدمات کی ستائش کی۔

HARISH

ایم پی کرن کمار ریڈی نے گاندھی بھون میں اپوزیشن لیڈر ہریش راؤ پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ وزیراعلیٰ نہ بننے کے سبب ریاستی حکومت کو بدنام کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔کرن کمار نے بی آر ایس پارٹی کو چیالنج کیا کہ 2014ء اور 2018ء کے انتخابی منشور میں کئے گئے وعدوں کو پورا نہ کرنے کے معاملہ میں مباحث میں حصہ لیں جن میں کسی دلت کو سی ایم بنانا اور دیگر وعدے بھی شامل ہیں۔ایم پی نے بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ سال 2014ء سے کالا دھن اور ملازمتوں کے تعلق سے عوام کو گمراہ کرتی رہی ہے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ بی آر ایس نے اپنے پیچھے بہت سارا قرض چھوڑا ہے جبکہ موجودہ حکومت رشوت کے بجائے عوامی خدمات پر توجہ دی ہوئی ہے۔

PEDDAPALLI

پداپلی کے رکن پارلیمنٹ ومشی کرشنا نے چہارشنبہ کو گوداوری کھنی کا دورہ کیا اور سنگارینی ملازمین کیس اتھ بات چیت کرتے ہوئے ان کی بھلائی کے تعلق سے تبادلہ خیال کیا۔اس میٹنگ کے دوران ایم پی نے کہا کہ وہ اس وقت تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے جب تک کہ راما گنڈم کے صنعتی علاقہ میں ای ایس آئی اور ہاسپٹل کا قیام عمل میں نہیں آتا۔انہوں نے سنگارینی کے ریٹائرڈ ملازمین کو 10 ہزار روپے ماہانہ پنشن دئے جانے تک بھی جدوجہد جاری رکھنے کا عزم کیا۔ایم پی نے سنگارینی ورکرس کو انکم ٹیکس سے استثنیٰ اور تلنگانہ کیلئے فنڈ مختص کئے جانے کے معاملہ میں پارلیمنٹ میں کی گئی اپنی کوششوں کو اجاگر کیا۔

NARI SHAKTI

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کونڈا پور میں شلپا پارک اپارٹمنٹس کے رہائشیوں سے خطاب کرتے ہوئے نعری شکتی وندن ادھینیم کی ستائش کی اور کہا کہ یہ ایک تاریخی قدم ہے جس کے ذریعہ سال 2029ء تک خواتین کو 33 فیصد تحفظات کو یقینی بنایا جائیگا۔انہوں نے وضاحت کی کہ ایس آئی آر کا عمل الیکشن کمیشن کی جانب سے شروع کیا گیا ہے جس کا مقصد جعلی ناموں یا متوفی افراد کے نام ہٹاتے ہوئے ووٹر لسٹ کو شفاف بنانا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ غیر قانونی افراد کی نشاندہی ضروری ہے جیسا کہ پرانا شہر میں روہنگیا رہتے ہیں۔راؤ نے مالی استحکام کے تعلق سے وزیر اعظم نریندر مودی کو اس بات کا سہرا دیا کہ وہ ایندھن کی قیمتوں میں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں اور عالمی سطح پر 50 فیصد تک اضافہ ک باوجود ایکسائز ڈیوٹی میں کمی کی گئی۔

DAMODAR

ایم ایل سی داموھر ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ضلع ناگر کرنول ہیڈ کوارٹر میں واقع سرکاری جونیر کالج کی عمارت کو 9 کروڑ روپے کی تخمینی لاگت کے ذریعہ عصری سہولتوں کے ساتھ تعمیر کیا جائے گا۔انجینئرنگ اور انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن عہدیداروں کے ساتھ دورہ کرتے ہوئے ایم ایل سی نے کہا کہ سابقہ انتظامیہ کی

جانب سے کئی دہائیوں سے نظرانداز کئے جانے کی وجہ سے کالج کی عمارت کی حالت خستہ ہوگئی ہے۔ گرمائی تعطیلات کے دوران تعمیری کام کئے جائیں گے۔

DOUBLE BEDROOM

حیدرآباد میٹرو پولیٹین علاقہ میں ڈبل بیڈروم کالونیوں کے تحت 1400 سے زائد دوکانات کے ہراج کا عمل 9 اپریل سے شروع ہوگا اور 21 اپریل تک جاری رہے گا۔ان دوکانات کا رقبہ 60 سے 400 مربع اسکوائر فٹ ہے جو حیدآباد، رنگاریڈی، میڑچل ملکاجرگی اور سنگاریڈی اضلاع میں واقع ہے۔ ہاؤسنگ کارپوریشن کے ایم ڈی گوتم نے کہا کہ ہراج کے عمل سے ہونے والی آمدنی کو بطور کارپس فنڈ استعمال کیا جائے گا۔خواہشمند افراد درکار دستاویز کے ساتھ متعلقہ آرڈی او آفس سے رجوع ہوسکتے ہیں۔

STRAY DOGS

ڈسٹرکٹ ویٹرنری اینڈ انیمل ہسبنڈری آفیسر ڈاکٹر رمیش نے ضلع نلگنڈہ میں آورہ کتوں کو ہلاک کرنے یا دوسرے مقام منتقل کرنے کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا ہے۔جانوروں سے متعلق قانون 1960ءاور انیمل برتھ کنٹرول رولس 2023ء کے تحت کسی بھی جانور کو پریشان کرنا قابل سزا ہے۔اس کے علاوہ بھارتیہ نیا سنہتا کے سکشن 325 کے تحت کتوں کو ہلاک کرنا یا زہر دینا قابل سزا جرم ہے جبکہ 5 سال تک کی قید بھی ہوسکتی ہے۔عہدیداروں نے اس طرح کے واقعات پر کلکٹریٹ یا مقامی پولیس کو اطلاع دینے کا مشورہ دیا۔

RBI

ریزرو بینک آف انڈیا نے سود کی شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے اور اسے 5.25 فیصد پر برقرار رکھا ہے۔رواں مالی سال کی پہلی دو ماہی مانیٹری پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے، آر بی آئی کے گورنر سنجے ملہوترا نے آج بتایا کہ کمیٹی نے متفقہ طور پر 'ریپو ریٹ' کو 5.25 فیصد پر ہی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پچھلے مالی سال میں ملکی ترقی کی شرح (GDP) 7.6 فیصد رہنے کی امید ہے، جبکہ موجودہ سال کے لئے یہ 6.9 فیصد رہ سکتی ہے۔ گورنر کے مطابق مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی اور توانائی کی بڑھتی قیمتیں مہنگائی کے حوالہ سے ایک چیلنج بن سکتی ہیں۔

CEASEFIRE

ہندوستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔وزارتِ خارجہ نے اپنے ایک بیان میں امید ظاہر کی ہے کہ اس فیصلہ سے مغربی ایشیا میں مستقل امن قائم ہوگا اور بحری تجارت میں حائل رکاوٹیں دور ہوں گی۔نئ دہلی نے ہمیشہ بات چیت اور سفارت کاری پر زور دیا ہے تا کہ جنگ کی وجہ سے انسانی مصائب اور عالمی معیشت کو ہونے والے نقصان کو روکا جا سکے۔

MEDAK

ضلع کلکٹر میدک پرتیما سنگھ نے رامائم پیٹ میں واقع کستوربا گاندھی بالیکا ودیالیہ کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے اسکول کے بنیادی ڈھانچہ اور تعلیمی معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔کلکٹر نے دسویں جماعت کی طالبات کو خود سبق پڑھایا اور ان کی تعلیمی کارکردگی کا جائزہ لیا۔انہوں نے عملے کو ہدایت دی کہ طالبات کو مینو کے مطابق معیاری کھانا فراہم کریں اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔اس کے بعد انہوں نے ایک راشن شاپ کا بھی معائنہ کیا اور حکام کو ہدایت دی کہ مستحقین میں تین ماہ کا راشن بلا تاخیر تقسیم کیا جائے۔

MOTHER DAY

سدی پیٹ ضلع کی کلکٹر کے ہیماوتی نے حاملہ خواتین سے اپیل کی ہے کہ وہ سرکاری زچہ و بچہ صحت مراکز میں دستیاب بہتر طبی سہولتوں سے فائدہ اٹھائیں۔انہوں نے ضلع جنرل اسپتال میں 'سیف مدر ڈے' پروگرام میں شرکت کے دوران بتایا کہ 6 اپریل سے 11 اپریل تک خصوصی صحت ہفتہ منایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد حمل سے لے کر پیدائش تک ماں اور بچہ کی صحت کا تحفظ ہے۔
کلکٹر نے خواتین کو مشورہ دیا کہ وہ ڈاکٹروں کی ہدایات پر عمل کریں،متوازن غذا لیں اور ذہنی سکون کا خیال رکھیں۔

Mancherial

منچریال ضلع کے کلکٹر کمار دیپک نے کہا کہ حکومت ماں اور بچے کی دیکھ بھال کے لئے سرکاری اسپتالوں میں زچگی کے عمل کو فروغ دے رہی ہے۔سیف مدرہوڈ ڈے پروگرام کے دوران انہوں نے بتایا کہ 99 دن کے ایکشن پلان میں صفائی اور عوامی صحت کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ طبی سہولتوں کو بہتر بنانے کے لئے حکومت 129.25 کروڑ روپے سے اسپتال اور 23.75 کروڑ روپے سے ایک کرٹیکل کیئر یونٹ تعمیر کر رہی ہے۔انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ یہ کام جلد مکمل کئے جائیں تاکہ عوام کو معیاری علاج کی سہولت مل سکے۔

Seethakka

وزیر سیتا اکا نے سکریٹریٹ میں مشن بھاگیرتا، منریگا کاموں اور پیسا ایکٹ کے نفاذ پر جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر عہدیداروں نے بتایا کہ دیہی علاقوں کے لئے پینے کے پانی کے ذخائر کافی مقدار میں موجود ہیں۔وزیر نے ہدایت دی کہ پانی کا محتاط استعمال یقینی بنایا جائے اور روزانہ سپلائی کی رپورٹ دی جائے۔انہوں نے کہا کہ آنے والے دو مہینہ بہت اہم ہیں، اس لئے اگر پانی کی کمی ہو تو متبادل انتظامات پہلے سے تیار رکھے جائیں تاکہ کسی بھی گاؤں کو گرمیوں میں پانی کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

OO